سوال

توبہ کے بعد گناہ

جواب

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

انسان جب گناہ کرنے کے بعد توبہ کرلیتا اوراس گناہ سے نکل آتا ہے تو اللہ تعالی اس کی توبہ کو قبول فرمالیتے ہیں اوراس کے گناہ کو بخش دیتے ہیں۔ وہ اگر دوبارہ وہی گناہ کرتا ہے اور توبہ کرکے اس سے نکل آتا ہے تو اللہ دوبارہ بھی اس کی توبہ کو قبول کرلیتے ہیں اوراس کے گناہ کو معاف کردیتے ہیں۔ اور سچی توبہ کرنے سے ماضی والا گناہ واپس نہیں آتا ہے۔ کیونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَإِنِّي لَغَفَّارٌ لِّمَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدَىٰ طه:٨٢

''البتہ جو توبہ کرلے اورایمان لائے اورنیک عمل کرے، پھر سیدھا چلتا رہے، اُس کےلیے میں بہت درگزر کرنے والاہوں۔''

(اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والإفتاء، رقم: 7825)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی